# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 6 کے لئے



# ٹیچر کیلئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلق سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 8 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

10 منٹ

- کہانی کی پڑھائی سے پہلے بچوں سے بات چیت کریں۔
  - کیا آپ جانتے ہیں ڈائری کیا ہوتی ہے؟
  - آپ میں سے ڈائری کون لکھتا ہے؟ کیوں لکھتا ہے؟
  - کیا آپ نے کسی کی ڈائری پڑھی ہے؟ (کوئی مشہور شخصیت یا گھر والا کوئی)

5 منٹ

- اس بات چیت کے بعد بچوں کو بتائیں کہ آج ہم ایک ڈائری پڑھیں گے۔ جو اینس روبرٹس نے لکھی ہے۔ اس کے بعد کہانی کے آخری صفحہ پر اینس کے بارے میں لکھی گئی معلومات بچوں کو پڑھ کر سنائیں یا کلاس کے کسی بچے سے کہیں کہ وہ یہ معلومات سب کو پڑھ کر سنائے۔

15 منٹ

- بچوں کو کہانی پڑھ کر سنائیں۔

15 منٹ

- کہانی کے حوالے سے بچوں سے بات چیت کریں۔ مثلاً
  - کہانی پسند آئی یا نہیں؟ کیوں؟
  - ڈائری کتنے عرصے پر مشتمل ہے؟
  - کیا آپ میں سے کبھی کسی نے بٹیر دیکھا ہے؟
  - ہمارے ہاں پائے جانے والے بٹیر اور کہانی کے بٹیر میں کیا فرق ہے؟
  - بٹیر کو انگریزی زبان میں کیا کہا جاتا ہے؟

# سیشن 2

15 منٹ

- کہانی کے صفحہ نمبر 10 - 1 سے پڑھائی کروائیں۔ ان صفحات کے مشکل الفاظ اور ان کے معنی بھی بچوں کو سمجھائیں۔

15 منٹ • پڑھائی کے بعد بچوں کی توجہ درج ذیل باتوں کی جانب کروائیں۔

- اینس نے کس طرح انڈوں کی حفاظت کی؟
- اینس نے انڈوں کو ٹی کوزی میں لا کر کیوں رکھا؟
- 11 انڈوں میں سے کتنے سلامت رہے؟
- اینس نے بٹیر کے بچوں کو ڈبے میں رکھ کر بلب کیوں جلایا؟

10 منٹ • بچوں کو ڈائری لکھنے کا طریقہ بورڈ پر لکھ کر سمجھائیں۔ بچوں کو بات چیت کے ذریعے ڈائری لکھنے کے کچھ پوائنٹس بتائیں۔

### ہوم ورک

5 منٹ • ڈائری لکھنا شروع کریں۔ سیشن 8 میں ڈائری چیک ہوں گی۔

## سیشن 3

15 منٹ • کہانی کے صفحہ نمبر 26 - 14 سے پڑھائی کروائیں۔ درج ذیل سوالات زبانی پوچھیں:

- 9 جون کو اینس روبرٹس کے لئے کیا خاص بات ہوئی؟
- آپ کے خیال میں بلے کو بند کرنے کا فیصلہ صحیح تھا یا غلط؟
- پہلی دفعہ جب بٹیر کا بچہ بولنے لگا ہو گا تو اینس روبرٹس کو کیسا محسوس ہوا ہو گا؟
- آپ کے خیال میں اینس روبرٹس نے کس طرح بٹیر کے بچوں کو بہلایا پھسلایا ہو گا؟

15 منٹ • درج ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے۔

بہلانا پھسلانا، آس پاس، چہل قدمی، پیچھے پیچھے، ننھے منے، ادھر ادھر

10 منٹ • بچوں کی توجہ صفحہ نمبر 20 کی طرف دلائیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ 20 جولائی 1969 کا دن کیوں اہم ہے؟

## ہوم ورک

5 منٹ • نیل آرم اسٹرونگ کے بارے میں معلومات جمع کریں۔ سیشن 8 میں جمع کی ہوئی معلومات display ہو گی۔

# سیشن 4

10 منٹ • صفحہ نمبر 36 - 24 سے پڑھائی کروائیں۔

15 منٹ • بچے کہانی کی پڑھائی کے بعد درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔

1 آپ کے خیال میں بٹیر کے ساتھ کیا ہوا ہو گا؟

2 جاننے والوں نے پرندوں کا خیال کیوں نہیں رکھا ہو گا؟

3 بیٹا اور بیٹی کے اسکول سے آنے کے بعد پرندے کیوں زور سے پکارنے لگتے تھے؟

4 25 مئی 1970 کے بعد روبرٹس نے ڈائری کیوں نہیں لکھی؟

15 منٹ • پرندوں کے ناموں کی فہرست اردو اور انگریزی میں لکھوائیں۔

| English | اردو |
|---|---|
| swallow | ابابیل |
| swan | راج ہنس |
| weaver brid | بیا |
| cuckoo | کوئل |
| falcon | باز |

| English | اردو |
|---|---|
| woodpecker | کھٹ کھٹ بڑھئی |
| hoopoe | ہد ہد |
| mallard | مرغابی |
| hawk | عقاب |
| golden pheasant | مرغ زریں |

### ہوم ورک

5 منٹ • رسالے یا پوسٹ کارڈ سے پرندوں کی دلچسپ تصویریں کاٹ کر کاغذ پر لگائیں۔ کسی رنگین کاغذ سے اس کا فریم بنائیں۔ تصویر کو کوئی عنوان دیں۔ بچے یہ کام مکمل کر کے سیشن 8 میں لائیں۔

## سیشن 5

20 منٹ • کلاس کے 15 - 10 بچوں سے کہانی کی پڑھائی کروائیں۔

25 منٹ • کہانی میں سے کم از کم 30 افعال (verbs) تلاش کر کے اپنی کوپی میں لکھیں اور کسی 10 افعال کو جملوں میں استعمال کریں۔

# سیشن 6

10 منٹ • بچوں سے کلاس میں خط لکھوائیں۔ خط کی لکھائی سے پہلے بچوں کو درج ذیل باتیں سمجھائیں۔

- خط لکھتے وقت یوں سمجھیں کہ آپ جس کو خط لکھ رہے ہیں وہ آپ کے سامنے بیٹھا ہے اور آپ کی باتیں سن رہا ہے۔ جو بھی کچھ لکھنا ہو اسے مختصر الفاظ میں لکھیں۔ خط کو مناسب پیراگراف میں تقسیم کریں۔ خط لکھتے وقت دائیں طرف اپنا پتہ لکھیں اور پتے کے نیچے تاریخ لکھیں۔ دو لائنیں چھوڑ کر جس کو خط لکھنا ہے اس کا نام لکھیں۔ خط کے آخر میں اپنا نام لکھیں۔ خط کا خاکہ بورڈ پر بنائیں۔

20 منٹ • بچوں سے کہیں کہ اینس روبرٹس کے نام خط لکھیں۔ اس خط میں وہ کہانی کے بارے میں انہیں اپنی رائے بتائیں گے اور انہیں پاکستان آنے کی دعوت دیں گے۔ اپنے شہر کے بارے میں مختصر معلومات بھی فراہم کریں۔

10 منٹ • بچوں کی توجہ بلیک اینڈ وائٹ (black and white) تصویروں کی طرف مرکوز کرائیں۔

- بچوں کو کیمرے کے بارے میں بتائیں۔

### ہوم ورک

5 منٹ • کہانی کے صفحہ نمبر 15 - 5 سے املا لیا جائے گا۔

# سیشن 7

5 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپیاں نکالیں۔
  - صفحہ نمبر 15 - 5 میں سے 10 الفاظ کا املا کرائیں۔

10 منٹ
- املا کی اصلاح کرائیں۔
  - بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
  - جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
  - بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
  - بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

25 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپی میں کم از کم 5 ایسی باتیں لکھیں جس سے معلوم ہو سکے کہ اینس نے کس قدر غور سے پرندوں کا مطالعہ کیا ہے۔

## ہوم ورک

5 منٹ
- 2012 - 1970 تک کس کس طرح کے کیمرے تصویریں کھینچنے کے لئے استعمال ہو رہے ہیں۔ ان کی تصویریں سیشن 8 کے لئے جمع کر کے لائیں۔
  - پرندوں کی تصویروں پر سیشن 4 میں جو کام دیا گیا تھا مکمل کر کے لائیں۔
  - جو ڈائری لکھ رہے ہیں وہ لے کر آئیں۔
  - نیل آرم اسٹرونگ کے بارے میں جو معلومات جمع کی ہیں وہ لے کر آئیں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

سیشن 8 میں بچوں کا کام display کرنے کے لئے انتظام کر لیں۔

# سیشن 8

- **10 منٹ** — بچے جو نیل آرم اسٹرونگ کی معلومات جمع کر کے لائیں ہیں ان کو کلاس میں display کریں۔
- **10 منٹ** — بچے جو پرندوں کا کام مکمل کر کے لائیں ہیں وہ کلاس میں display کریں۔
- **10 منٹ** — بچے جو کیمرے کا کام مکمل کر کے لائیں ہیں اسے کلاس میں display کریں۔
- **15 منٹ** — بچوں کی ڈائری چیک کریں کہ وہ کس طرح لکھ رہے ہیں۔ کچھ بچوں سے ان کی ڈائری پڑھوائیں۔ بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔ اس کے بعد وقتاً فوقتاً بچوں کی ڈائری منگوا کر اس پر نظر ثانی کرتی رہیں۔

# اینس روبرٹس کی ڈائری
## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk